مجلّہ : پہچان میر پور خاص

مرتب : کرن سنگھ

ناشر : پوسٹ بکس نمبر ۶۳، تاج چیمبرس نیو ٹاؤن میر پور خاص

قیمت وصفحات : ۱۰۰ روپے، ۲۸۰ صفحات

پیش نظر مجلّہ جنوری تا جون ۲۰۱۱ء کا علمی وادبی شمارہ ہے اور کتابی سلسلہ کی صورت میں پیش کیا جارہا ہے، شمارہ نمبر ۲۲۔۲۳ ہے۔ پروفیسر ذوالفقار دانش صاحب مجلس ادارت میں شامل میں مجلّہ کے تمام مضامین ادبی اصناف تحریکات، افسانے، ڈرامے، ناول، کہانیوں، غزل، نظم تراجم، تجزیہ اور تبصرہ کتب ومجلات پر مشتمل ہیں۔ جس میں مجلّہ علوم اسلامیہ فقہ نمبر جولائی تا دسمبر ۲۰۱۰ء پر تفصیلی تبصرہ بھی شامل ہے۔

مجلّہ میں گوشہ معصومہ شیرازی، گوشہ ڈاکٹر رضی احمد، گوشہ ظہیر اقبال زیدی شامل ہیں۔ آج کے دور میں علم وادب کی خدمت بہت بڑا اجہاد ہے، نہ لکھنے کے شوقین موجود ہیں، نہ پڑھنے والے، بلکہ خریداری کی امید عبث ہے، پھر بھی علم وادب کی خدمت کے لئے ایسے مجلات کا اپنی مدد آپ کے تحت اجراء بہت قابل قدر بات ہے۔

کتاب کا نام : سنت حبیب

مصنف : مفتی اختر حسین بہاولپوری

ناشر : زمزم پبلشرز ۲۰۰۷ء

قیمت وصفحات : قیمت درج نہیں، ۵۳۵ صفحات

مولانا اختر حسین صاحب کثیر التصانیف نوجوان مصنف ہیں، جامعہ محمدیہ میں شیخ الحدیث ہیں، آپ نے حدیث وفقہ پر ۱۹ کتب تصنیف فرمائی ہیں اور ۴۳ کتب اسلامی واصلاحی موضوعات پر تحریر کی ہیں، مذکورہ کتاب دراصل مخصوص عنوانات پر احادیث کا انتخاب ہے۔ کتاب میں سنت کی اہمیت، سنت پر عمل، اہمیت وفضائل سے گفتگو کی گئی ہے، اس کے علاوہ توبہ واستغفار کا بیان، حج وعمرہ، اولاد کے حقوق، وصیت، مہر حصول علم کے آداب و فضائل، آداب طعام، مہمان نوازی، معاملات، تجارت، قرض وفرائض، طہارت صغریٰ وکبریٰ کے آداب، نماز و اذان کے آداب وفضائل، رمضان اور روزہ کے آداب وفضائل شامل ہیں۔

اگر مباحث کو کسی ایک ترتیب میں پیش کیا جاتا تو بہتر ہوتا، اسی طرح حوالے نامکمل ہیں، طبع دوم میں مکمل حوالے دیے جائیں تو کتاب کی قدر وقیمت میں بہت اضافہ ہوجائے گا، بالخصوص تخریج احادیث کا اضافہ